# 2021

## URDU—HONOURS

## Paper : CC-12

## (Adab Aur Tanqeed)

**Full Marks:65**

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1 . درج ذیل میں سے کسی دس (۱۰) کے جواب لکھیے۔ 2×10=20

(i) تنقید کے مختلف طریقۂ کار میں سے کسی دو کے نام لکھیے۔

(ii) حالیؔ کا پورا نام اور جائے پیدائش تحریر کیجیے۔

(iii) اردو کی پہلی تنقیدی کتاب کون سی ہے؟ اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(iv) مجنوں گورکھپوری کی کسی دو تصانیف کے نام لکھیے۔

(v) اردو کے کسی دو تذکرہ نگاروں کے نام بتائیے۔

(vi) آل احمد سرور کے کسی دو ہمعصروں کے نام لکھیے۔

(vii) ''تنقیدی نظریات'' کیا ہے اور یہ کس سے منسوب ہے؟

(viii) ''اردو تنقید پر ایک نظر'' کس کی تخلیق ہے؟ اس مصنف کی کسی ایک اور تخلیق کا نام لکھیے۔

(ix) ''غزل نیم وحشی صنف سخن ہے'' کس کا قول ہے؟ یہ قول کس تصنیف میں موجود ہے؟

(x) اردو کے کسی دو تنقید نگاروں کے نام لکھیے۔

(xi) ''شب خون'' کیا ہے اور یہ کس سے منسوب ہے؟

(xii) شمس الرحمٰن فاروقی کس دبستانِ تنقید سے تعلق رکھتے تھے؟ ان کی کسی ایک تصنیف کا نام تحریر کیجیے۔

(xiii) تذکرہ کسے کہتے ہیں؟ دو جملوں میں تحریر کیجیے۔

2. درج ذیل میں سے کسی تین (۳) سوالوں کے جواب لکھئے۔ 10×3=30

(i) اردو میں تنقید نگاری کی روایت کا جائزہ لیجئے۔

(ii) ''تنقیدی افکار'' کی روشنی میں شمس الرحمٰن فاروقی کی تنقید نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(iii) ''ادب کی اہمیت اور اس کی ضرورت'' کے عنوان سے ایک مضمون قلمبند کیجئے۔

(iv) جمالیاتی تنقید سے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(v) مجنوں گورکھپوری کو بحیثیت نقاد پیش کیجئے۔

3. درج ذیل میں سے کسی تین (۳) سوالوں کے جواب لکھئے۔ 5×3=15

(i) اردو تنقید کی اہمیت و افادیت پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

(ii) اردو تنقید میں کلیم الدین احمد کا مقام متعین کیجئے۔

(iii) ''مقدمہ شعروشاعری'' سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(iv) احتشام حسین کی تنقید نگاری سے بحث کیجئے۔

(v) تنقید کے مختلف طریقہ ہائے کار پر اختصار سے اظہارِ خیال کیجئے۔

(vi) درج ذیل عبارت کی تشریح کیجئے۔

''غرض نقاد محض فلسفی یا ماہر نفسیات نہیں ہوتا، وہ صاحبِ نظر ہوتا وہ بقول رچرڈس کے'' ذہن کے ساتھ وہی عمل کرتا ہے جو ڈاکٹر جسم کے ساتھ۔